© rasailojaraid.com

## مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ممتاز راہنما میاں عبدالستار آزاد کا انتقال پُر ملال

مورخہ 13 جنوری بروز اتوار مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ناظم انتخابات میاں عبدالستار آزاد انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم کی جماعتی و دینی خدمات کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث مرحوم کی جان تھی ان کی سرگرمیاں اور توانائیاں جماعت کیلئے وقف تھیں۔ مرحوم کی نماز جنازہ حافظ مسعود عالم نے پڑھائی۔

## صاحبزادہ شاہد سعیدی (فاروق آباد ضلع شیخوپورہ) کو صدمہ

مورخہ 30 جنوری بروز بدھ سابق امیر ضلع شیخوپورہ حافظ عبدالرزاق سعیدی مرحوم کی ہمشیرہ اور صاحبزادہ شاہد محمود سعیدی کی پھوپھی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور پارسا و موحدہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ فاروق آباد میں ادا کی گئی۔

## مولانا قطب شاہ کو صدمہ

مورخہ 25 جنوری بروز جمعۃ المبارک مولانا قطب شاہ مدرس جامعہ علوم اثریہ کے ماموں جان غلام یحیٰ وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا محمد ابراہیم سرپرست اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال نے ملتان خورد میں پڑھائی اور قبر پر مولانا قطب شاہ نے دُعا کی۔ مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے نماز جمعہ کے بعد جامعہ علوم اثریہ میں پڑھائی۔

## دعائے صحت

نامور عالم دین حضرت مولانا قاری عبدالوکیل صدیقی نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان و مشہور خطیب مولانا عبدالعزیز راشد فیصل آباد اور ”ز“ ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ تبلیغ الاسلام ہائی سکول جہلم جناب محمد اقبال اختر قریشی سابق پرنسپل اثریہ ماڈل سکول جہلم کافی دنوں سے علیل ہیں ان کی صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے دُعا کی درخواست ہے۔

## جامعہ علوم اثریہ کے زیر اہتمام 5 خوش نصیب طلبہ کی تکمیل حفظ قرآن کے موقع پر تقریب

جامع مسجد اہل حدیث محلہ مستریاں میں جامعہ کے زیر انتظام شعبہ حفظ میں پانچ خوش نصیب طلبہ نے قرآن مجید مکمل حفظ کیا جن کے نام یہ ہیں حافظ محمد مدنی بن حافظ عبدالرحمٰن زاہد، حافظ احسان اللہ، حافظ محمد اسحاق، حافظ قریب الحق و حافظ بھاؤ الدین۔ اس بابرکت موقع پر رئیس الجامعہ نے درس قرآن دیا جس میں کافی تعداد میں جماعتی احباب نے شرکت کی پروگرام کے آخر میں شرکاء کی تواضع کی گئی۔



© rasailojaraid.com